يَوْمَ تُبْلَى السَّرَائِرُ فَمَا لَهُ مِن قُوَّةٍ وَلَا نَاصِرٍ

جس دن جانچ پڑتال ہوگی سب چھپی باتوں کی تو نہ ہوگا انسان کے پاس کوئی زور اور نہ مددگار۔

الْبُرُوج

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيم

وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوجِ (١)

قسم ہے آسمان کی جس میں بُرج ہیں،

وَالْيَوْمِ الْمَوْعُودِ (٢)

اور اس دن (قیامت) کی جسکا وعدہ ہے،

وَشَاهِدٍ وَمَشْهُودٍ (٣)

اور حاضر ہونے (دیکھنے) والے کی، اور جس پر حاضر ہوئیں (دیکھی جانے والی چیز کی)۔

قُتِلَ أَصْحَابُ الْأُخْدُودِ (٤)

مارے جائیو (ہلاک کردیئے) کھائیاں کھودنے والے؟

النَّارِ ذَاتِ الْوَقُودِ (٥)

آگ بھری ایندھن سے۔

إِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُودٌ (٦)

جب (کہ) وہ اس پر (اس کے گرد) بیٹھے،

وَهُمْ عَلَى مَا يَفْعَلُونَ بِالْمُؤْمِنِينَ شُهُودٌ (٧)

اور جو کچھ وہ کرتے مسلمانوں سے، سامنے دیکھتے،

وَمَا نَقَمُوا مِنْهُمْ إِلَّا أَن يُؤْمِنُوا بِاللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَمِيدِ (٨)

اور ان سے بدلہ نہ لیتے تھے، مگر اسی کا کہ یقین لائے اللہ پر، جو زبردست ہے خوبیوں سراہا،

الَّذِي لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاللَّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ (٩)

جس کا راج ہے آسمانوں میں اور زمین میں۔ اور اللہ کے سامنے ہے ہر چیز۔

إِنَّ الَّذِينَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوبُوا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ
جو دین سے بھٹکانے لگے ایمان والے مردوں کو اور عورتوں کو، پھر توبہ نہ کی تو انکو عذاب ہے دوزخ کا،

وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيقِ (١٠)
اور انکو عذاب ہے آگ لگی کا۔

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ
جو لوگ یقین لائے اور کیں بھلائیاں، انکو باغ ہیں جنکے نیچے بہتی نہریں۔

ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيرُ (١١)
یہ ہے بڑی مراد ملنی۔

إِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيدٌ (١٢)
بیشک تیرے رب کی پکڑ سخت ہے۔

إِنَّهُ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيدُ (١٣)
بیشک وہی کرے (پیدا) پہلی مرتبہ اور دوسری،

وَهُوَ الْغَفُورُ الْوَدُودُ (١٤)
اور وہی ہے بخشتا، محبت کرتا۔

ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيدُ (١٥)
مالک تخت کا بڑی شان والا۔

فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيدُ (١٦)
کر ڈالتا جو چاہے۔

هَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ الْجُنُودِ (١٧)
کچھ پہنچی تجھ کو بات ان لشکروں کی؟

فِرْعَوْنَ وَثَمُودَ (١٨)
فرعون اور ثمود کی۔

بَلِ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي تَكْذِيبٍ (١٩)
کوئی نہیں! بلکہ منکر جھٹلاتے ہیں،

وَاللَّهُ مِن وَرَائِهِم مُّحِيطٌ (٢٠)
اور اللہ نے ان کے گرد (ہر طرف) سے گھیرا ہے۔

بَلْ هُوَ قُرْآنٌ مَّجِيدٌ (٢١)

کوئی نہیں ! یہ قرآن ہے بڑی شان والا ،

فِي لَوْحٍ مَّحْفُوظٍ (٢٢)

لکھا تختی میں جس کی نگہبانی ہے ۔

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com